© rasailojaraid.com



## (۱) فکر کے ہمراہ ایک سفر / (۲) اسلام کو چھپاؤ

مصنف : آفتاب احمد شمسی، قیمت ۲۶/-
ناشر : پاکستان اسلامک سنٹر
۱۲۔ لارنس روڈ لاہور۔

یہ دو ایسی قلمی کاوشیں ہیں کہ جن کا لکھنے والا نہ تو سکہ بند قسم کا ادیب و دانشور معلوم ہوتا ہے اور نہ کوئی عالم دین قسم کی چیز! لیکن ان تحریروں میں جو نظریاتی رچاؤ اور اسلوب کا تیکھاپن موجود ہے، وہ بیک وقت "کالمانہ" بھی ہے اور "عالمانہ" بھی!

یہ معلومات افزا، خیال آفریں اور فکر انگیز کتابیں صدیقی ٹرسٹ، نسیم پلازا، لسبیلہ چوک نشتر روڈ کراچی سے بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## اگر اب بھی نہ جاگے تو .....

نتیجۂ فکر۔ مولانا شمس نوید عثمانی، ہدیہ (بطور صدقہ جاریہ) ۲۱/-
ناشر۔ پاکستان اسلامک سنٹر ۱۲ ار لارنس روڈ، لاہور

مولانا شمس نوید عثمانی لکھتے ہیں ۔۔۔" چودہ سو سالہ اسلامی تاریخ میں بہت بڑی تعداد میں ہمارے علماء نے توریت زبور، اور انجیل کو کھنگال ڈالا لیکن کتنے علماء ایسے ہیں جنہوں نے ہندو دھرم کا مطالعہ کیا؟ ...... یقین کیجئے یہ قوم بڑی متلاشی ہے۔ صدیوں سے ان افراد کی، جو انہیں ان کا دھرم سمجھا سکیں، جیسے آج تک خود بھی نہیں سمجھ سکی ہے لیکن اس سے چھٹی ہوئی ہے کہ یہ ان کا دھرم ہے! ..... کیا ہم اسلام کو اس حیثیت سے ان کے سامنے پیش نہیں کر سکتے کہ یہی تمہارا اصل دھرم تھا اور قرآن کی روشنی میں ان کے دھرم کی گتھیاں سلجھا کر یہ ثابت نہیں کر سکتے کہ یہی دین ہے جسے نوح ؑ (منو) نے پیش کیا تھا"! (ملخصاً)

عثمانی صاحب نے اپنے انہی خیالات کو عملی جامہ پہنایا ہے اور یہ تہلکہ خیز کتاب قوم کے سامنے پیش کی ہے۔

عثمانی صاحب بھارت کے ممتاز اہلِ قلم میں سے ہیں اور ہند و پاک کے علمی حلقوں میں ان کے اندازِ نگارش کو غیر معمولی پذیرائی حاصل ہے۔ ان کی یہ تازہ تالیف عالمگیر تبدیلیوں کے فکری و نظری تناظر میں وقت کے اہم تقاضوں کی تکمیل کی انتہائی جاندار کوشش ہے۔

## ساداتِ بنو اُمیّہ

مؤلف ۔۔۔ مولانا حسین احمد قریشی، قیمت ۵/-
ناشر ۔۔۔ مکتبہ ربانیہ بھوئی گاڑ براستہ فاروقیہ، ضلع اٹک

© rasailojaraid.com